## 105378 ـ تعویذ جوشن

**سوال**

ورد جوشن کا ایک نسخہ ہم سوال کے ساتھ بھیج رہے ہیں تا کہ آپ اس سلسلہ میں اپنی رائے کا ظاہر کریں: اس کے متعلق کئی ایک سوالات ہیں:

1 ـ کیا ورد جوشن امام جعفر صادق اور امیر المومنین علی بن ابی طالب اور ان کے بیٹے حسن رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے یا کہ کسی نے اپنی جانب سے ہی ایجاد کر لیا ہے ؟

2 ـ کیا یہ ورد بالفعل بڑی اور مراجع کتب میں پایا جاتا ہے ؟

3 ـ اگر میں اسے پڑھوں اور محفوظ رکھوں تو کیا مجھے گناہ ہوگا ؟

اور اگر اسے جلا کر چھٹکارا حاصل کروں تو کیا میں گنہگار ہوں ؟

اس کو اگر ورد نہ بنایا جائے بلکہ ویسے ہی پڑھا جائے کیونکہ اس میں اللہ کے نام اور صفات پائی جاتی ہیں اس سلسلہ میں آپ کی رائے کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

حرز الجوشن نامی ورد کو اپنانا اور اس پر عمل کرنا جائز نہیں، اور اس میں جو کچھ بیان ہوا ہے کئی ایک وجوہات کی بنا پر اس کی تصدیق کرنا بھی جائز نہیں ہے:

اول:

اس کی کوئی معروف سند نہیں، اور نہ ہی معتبر علماء حدیث نے اسے روایت کیا ہے، بلکہ ان میں سے کسی کی طرف منسوب بھی نہیں.

دوم:

یہ بہت زیادہ جھوٹ اور کذب بیانی پر مشتمل ہے، مثلا صفحہ نمبر ( 1 ) پر لکھا ہے:

" جو کوئی اسے گھر سے نکلتے وقت صبح یا عشاء کے وقت پڑھےگا اسے اعمال صالحہ کی خصوصیت حاصل ہو گی، گویا کہ اس نے تورات اور انجیل اور زبور اور قرآن مجید پڑھا ہے " کیونکہ اللہ کتابوں کے برابر کچھ نہیں ہو سکتا.

اس کے بعد پھر کہتا ہے:

" اللہ تعالی اسے ہر پڑھے جانے والے حرف کے بدلے دو حور عین عطا کریگا، اور اس کے لیے جنت میں گھر بنائیگا، اور اسے اللہ تعالی چار انبیاء ابراہیم اور موسی اور عیسی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم جتنا ثواب دیگا"

یہ بالکل واضح جھوٹ اور کذب بیانی ہے، کیونکہ انبیاء کا ثواب انبیاء کرام کے علاوہ کوئی اور نہیں پا سکتا.

اور صفحہ نمبر ( 2 ) میں لکھا ہے:

" اللہ تعالی اسے سب مومن جنوں اور انسانوں کی پیدائش سے لیکر قیامت تك کا ثواب اسے پڑھنے والے کو دیگا، اور اللہ تعالی اسے نو سو شہیدوں کا اجر دیگا "

پھر اس کے بعد والے صفحات میں اور زیادہ کذب بیانی سے کام لیا گیا ہے.

اور صفحہ نمبر ( 5 ) پر کہتا ہے:

" یہ دعا محبت و قبول، اور زبان کی گرہ کھولنے، اور حکمرانوں و بادشاہوں اور امراء سے ملنے اور ہر قسم کی گولی اور لوہے کے اوزار اور اسلحہ کو دور کرنے اور ضروریات پوری کرنے میں فائدہ مند ہے.... الخ "

ظاہر یہی ہوتا ہے کہ یہ ورد اور دعا شیعہ حضرات نے لوگوں کو کتاب و سنت سے دور کرنے کے لیے بنائی ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی

اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء

الشيخ عبد العزيز بن عبد اللہ بن باز

الشيخ عبد اللہ بن غديان

الشيخ صالح الفوزان

الشيخ عبد العزيز آل شيخ

الشيخ بكر ابو زيد .